پریس ریلیز

## شعبہ نرسنگ سے وابستہ خواتین معاشرے میں امتیازی مقام کی حامل ہوتی ہیں :پروفیسر الفرید ظفر

## کالج میں نرسنگ طالبات،نظم وضبط اور مریضوں کی خدمت کی عملی تربیت کو ترجیح دیں :پرنسپل پی جی ایم آئی

## نرسنگ میڈیکل کا انتہائی اہم شعبہ ،ایثار و قربانی کا جذبہ رکھنے والی سٹوڈنٹس ہی آگے آئیں

## نرسنگ کالج جنرل ہسپتال کو معیاری ادارہ بنانے کیلئے تمام مساعی بروئے کار لائیں گے :مسز میمونہ ستار

لاہور 06 مئی:...... پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ شعبہ نرسنگ سے وابستہ خواتین معاشرے میں امتیازی مقام کی حامل ہوتی ہیں کیونکہ یہ پروفیشن اپنے آغاز سے ہی انہیں دکھی انسانیت کی خدمت کی عملی تعلیم وتربیت دیتا ہے اور نرسنگ کالج اس منزل کو پانے کیلئے ایک روشن راستے کی طرح ہے جو انہیں اپنی منزل کی نشاندہی کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ راستہ ایثار اور قربانی کا جذبہ رکھنے والی بچیوں کو اختیار کرنا چاہیے کیونکہ عملی زندگی میں اپنے فرائض کی انجام دہی کے دوران بہت سے چیلنجز کا سامنا اور کٹھن حالات کے باوجود دکھی انسانیت کی خدمت کا سفر جاری رکھنا پڑتا ہے۔

اس امر کا اظہار پروفیسر الفرید ظفر نے نرسنگ کالج اے ایم سی ولاہور جنرل ہسپتال تعینات مسز میمونہ ستار سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے اپنی تعیناتی کے بعد پرنسپل آفس میں اُن سے ملاقات کی اور نرسنگ کالج اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا۔اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر خالد بن اسلم، ڈاکٹر لیلیٰ شفیق، نرسنگ انسٹرکٹرز، ڈاکٹر عبدالعزیز و دیگر موجود تھے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے ایل جی ایچ میں انہیں مریض دوست ماحول کو برقرار رکھنے کیلئے بنائی گئی پالیسی اور اقدامات بارے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ مسز میمونہ ستار کو کالج میں نظم وضبط اور ڈسپلن کو اولین ترجیح دینا ہوگی تا کہ طالبات بہترین ماحول میں اپنی نرسنگ کی تعلیم حاصل کر سکیں اور وہ طالبات جو تعلیم کے ساتھ ساتھ ہسپتال میں ڈیوٹی سرانجام دیتی ہیں اپنے فرائض احسن طریقے سے سرانجام دے سکیں۔پرنسپل پی جی ایم آئی کا مزید کہنا تھا کہ اپنی ضروریات اور ترجیحات کو بالائے طاق رکھ کر مریضوں کو سرفہرست رکھنا نرسنگ کے پیشے کا اولین اصول ہے اور ایمرجنسی صورتحال میں نرسز و طالبات ڈاکٹرز کے شانہ بشانہ اپنی نیند اور کھانے پینے کی پرواہ کیے بغیر مریضوں کی جان بچانے کے مشن کو ہی اپنا اولین مقصد سمجھتی ہیں اور انہیں اس کی تکمیل پر جو روحانی سکون میسر آتا ہے اُس کا موازنہ روپے یا پیسے سے نہیں کیا جا سکتا۔

مسز میمونہ ستار نے پرنسپل پی جی ایم آئی کو یقین دلایا کہ وہ ہسپتال کے واضح کردہ ایس او پیز پر پورا اترنے کی بھرپور کوشش کریں گی اور کالج میں بچیوں کے لئے نصابی وغیر نصابی سرگرمیوں کیلئے مثالی ماحول بنانے کیلئے بھرپور اقدامات کیے جائیں گے تا کہ طالبات تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں میں حصہ لے کر اپنے آپ کو ذہنی وجسمانی طور پر چاق وچوبند رکھ سکیں۔ان کا مزید کہنا تھا کہ وہ طالبات کو مریضوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنے ،سینئرز کی عزت، ریکارڈ کیپنگ، کے بارے میں بھی لیکچرز یقینی بنائیں گے تا کہ مستقبل کی نرسنگ کمیونٹی بہتر سے بہتر انداز میں مریضوں کی خدمت اور ڈاکٹرز کمیونٹی کا ساتھ دے سکے۔

☆☆☆☆



مسز میمونہ ستار پرنسپل نرسنگ کالج لاہور جنرل ہسپتال کا چارج سنبھالنے کے بعد وائی این اے عہدیدارن کے ساتھ گروپ فوٹو